صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 18 دسمبر 2008 بمطابق 19 ذالحجہ 1429ھ صبح گیارہ بجکر پانچ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

لَا یَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِینَ كَفَرُوا فِی البِلٰدِO مَتٰعٌ قَلِیلٌ ثُمَّ مَأوٰىهُم جَهَنَّمُ وَبِئسَ المِهَادُO لٰكِنِ الَّذِینَ اتَّقَوا رَبَّهُم لَهُم جَنّٰتٌ تَجرِی مِن تَحتِهَا الأَنهٰرُ خٰلِدِینَ فِیهَا نُزُلًا مِّن عِندِ اللّٰهِ وَمَا عِندَ اللّٰهِ خَیرٌ لِّلأَبرَارِ۔

(ترجمہ): (اے پیغمبر) کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا تمہیں دھوکا نہ دے۔(یہ دنیا کا) تھوڑا سا فائدہ ہے پھر (آخرت میں) تو ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بری جگہ ہے۔ لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے ان کے لیے باغ ہے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں (اور) ان میں ہمیشہ رہیں گے (یہ) خدا کے ہاں سے (ان کی) مہمانی ہے اور جو کچھ خدا کے ہاں ہے وہ نیکو کاروں کے لیے بہت اچھا ہے۔

دعائے مغفرت

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب، د منور خان، ایم پی اے، ورور او د سابقه ایم پی اے، ظفراللہ خان مروت والد صاحب وفات شوی دی، د مرحومینو د پاره به دعائے مغفرت اوغواړو۔

جناب سپیکر: دعا اوکړئ جی، مفتی صاحب دعا اوکړئ۔ جی جی، مفتی کفایت اللہ صاحب دعا پڑھیں جی۔

(اس مرحلہ پر مرحومین کیلئے دعائے مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب! یہ پریس والے بھائی پھر نکل گئے ہیں، کیا مسئلہ ہے؟ ذرا پتہ کرلیں۔ آج۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب، دا صحافیان ورونړه چه په کومه مسئله بهر دی نو هغوی، دوئ راوستے شی۔

جناب سپیکر: جی؟

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، د صحافیانو ورونړو په باره کښے مے خبره کوله۔

جناب سپیکر: نه هغه ما اووئیل جی۔ Item No. 2, 'Questions Hour'۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر۔۔۔۔

جناب سپیکر: په 'کوئسچنز آور' کښے به یوه خبره هم بله نه اخلم جی بس۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: په دے باندے جی گورئ دا دومره Important شے دے، زما د معززو ممبرانو د زړه آواز وی، د هغوی د حلقے تکلیف وی او بیا په هغے باندے ډیپارټمنټ بلا کار کړے وی نو د هغے ضائع کول ستاسو د پاره او زمونږ د پاره جائز خبره نه ده نو Kindly۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: پرونئ ایجنډا هم پاتے شوے ده۔

جناب سپیکر: هغه پرون هم غلطه شوے ده، مفتی صاحب پرے وروستو دغه اوکړو۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: دا مائیک سسټم پرون خراب وو۔

جناب سپیکر: هغه کوی جی، هغے له هلک۔۔۔۔

جناب اکرم خان درانی(قائد حزب اختلاف): دا کارروائی چه ده، دا به نامکمله وی چه دا صحافیان نه وی نو حکومت له پکار دی جی چه صحافیانو پسے لاړ شی او هغوی راولی۔

جناب سپیکر: هغوی پسے وزیران صاحبان وراغلل، راولی ئے جی۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر صاحب، په هغه صحافیانو ورونړو پسے تلل پکار دی۔

جناب سپیکر: په ښه خبره کښے تاسو چا منع کړی یئ، لړ روان شئ کنه، بسم الله کړئ جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سپیکر صاحب، تاسو له پکار دی چه د حکومت د سائډ نه ممبران اولیږئ۔

جناب سپیکر: چه تاسو زما متعلق هم دا خبرے کوئ نو (قہقہہ) بسم الله کړئ، مفتی صاحب، ورشئ۔ تهٔ هم ورشه۔ نگهت بی بی، څه تهٔ هم ورشه۔ مفتی صاحب، تاسو هم لاړ شئ جی۔ تاسو هم ورشئ۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر صاحب، پرون زمونږه یو قرارداد وو جی۔۔۔۔

حاجی شیر اعظم خان وزیر(وزیر محنت): جناب سپیکر،اس سلسلے میں میں بھی بات کرنا چاہتا تھا۔

جناب سپیکر: ہوگیا جی۔ دا کوئسچن آور نه بعد به کوؤ۔۔۔۔

وزیر محنت: جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: کوئسچنز آور نه بعد جی، کوئسچنز آور نه بعد۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: زما رولنگ پرے راغلو چه د کوئسچنز آور نه مخکښے به یو څیز هم نه آخلئ۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر، مونږه د قرارداد په سلسله کښے خبره کول غوښتل۔۔۔۔

جناب سپیکر: وروستو پرے یوه گهنټه اوکړئ جی۔ جی میاں صاحب! صحافیان څه وائی جی؟

میاں افتخار حسین(وزیر اطلاعات): ما هم په دے سلسله کښے خبره کوله خو که دا مائیک آن شی۔

جناب سپیکر: میاں صاحب، انفارمیشن منسٹر کا مائیک آن کریں۔

وزیر اطلاعات: زهٔ د دے صحافیانو خبره کوم۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

وزیر اطلاعات: دا Burning issue ده کنه، هغوی بهر ولاړ دی۔

جناب سپیکر: هغوی څه وائی جی؟

وزیر اطلاعات: داسے ده جی، زهٔ بخښنه غواړم، زهٔ خپله هم لیټ راغلم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دغه خو د ټولو نه غټه۔۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: د صحافیانو دا خبره دا دوئ چه څنګه وائی، داسے نه ده۔ د اسمبلئ نه واک آوټ نه دے، هغوی د هغه صحافی چا چه په خپلئ باندے بش ویشتے دے، د رهایئی د پاره داسے ټوکن احتجاج کړے وو۔ بهر خپل جلوس اوباسی، بیا راځی۔

جناب سپیکر: اچھا، اچھا۔

وزیر اطلاعات: هغوی خپل احتجاج کوی۔ بش چه ئے ویشتے دے، دوئ وائی چه ډیر ئے ښه کړی دی نو د هغے په سلسله کښے وائی چه هغه د اوس رها کړے شی۔

جناب سپیکر: د خوشحالئ خبره کوی، که د خفګان خبره کوی؟

وزیر اطلاعات: نو صورتحال داسے دے او زهٔ جی ورځم که ستاسو اجازت وی؟

جناب سپیکر: ځئ جی زر ئے راولئ، شابئ۔

وزیر محنت: کل والا ایجنڈا ہے یا نیا ایجنڈا ہے؟

جناب سپیکر: آج نیا ایجنڈا ہے، وہ بعد میں کرینگے۔

جناب قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، ہمیں یہ بتایا جائے کہ آج کونسا ایجنڈا زیر بحث ہے تاکہ ہمیں پتہ لگے ؟

جناب سپیکر: وہ شیڈول چینج ہو گیا ہے آج کیلئے۔ آج کا جو نیا ایجنڈا ہے، وہ آپ کے سامنے Distribute ہو چکا ہے، سب کے سامنے پڑا ہوا ہے۔ کوئسچن۔۔۔۔۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب، زمونږه سوالونه پاتے وو، زۀ د هغے خبره کوم۔

جناب شاہ حسین خان: تین چار مہینے کے بعد ہمارے سوالات آتے ہیں اور وہ بھی فلور پر نہ آئیں اور ختم ہو جائیں۔۔۔۔۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب سپیکر: وہ بھی اس میں شامل کرتے ہیں۔ کوئسچن نمبر 26، اسرار اللہ خان گنڈا پور صاحب۔

* 26۔ جناب اسرار اللہ خان گنڈا پور: کیا وزیر بلدیات و دیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(ا) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دور حکومت نے سپیشل پیکج اور تعمیر سرحد پروگرام کے تحت مختلف اضلاع کو فنڈز فراہم کئے تھے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ رقم کو پراجیکٹ کمیٹیوں کے تحت خرچ کیا گیا ہے؛

(ج) اگر (ا) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) جن اضلاع کو فنڈز فراہم کئے گئے ہیں، ان اضلاع کے نام بتائے جائیں؛

(ii) ہر ضلع میں مذکورہ فنڈ کس انداز میں خرچ کیا گیا، یعنی اس کے ٹینڈر ہوئے یا پراجیکٹ کمیٹیاں بنائی گئی، ہر دو کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مذکورہ کمیٹیاں بنانے کا اختیار کس کے پاس تھا؛ ان کو یہ اختیار کس قانون کے تحت دیا گیا؛ نیز ڈیرہ اسماعیل خان میں پراجیکٹ کمیٹیوں کے فارم اور سکیم وائز تفصیل بمعہ پراجیکٹ لیڈر اور ممبران کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپیاں فراہم کی جائیں ؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) سپیشل پیکج اور تعمیر سرحد پروگرام کا فنڈ پراجیکٹ کمیٹیوں اور ٹینڈر دونوں کے ذریعے خرچ کیا گیا۔

(ج) (i) سپیشل پیکج اور تعمیر سرحد پروگرام کے فنڈز صوبہ سرحد کے تمام اضلاع کو فراہم کئے گئے ہیں۔

(ii) جیسا کہ جز(ب) میں بیان کیا گیا ہے کہ مذکورہ فنڈ پراجیکٹ کیمٹیوں اور ٹینڈر دونوں کے ذریعے خرچ کیا گیا۔ تعمیر سرحد پروگرام کے ضمن میں سابقہ صوبائی کابینہ اجلاس منعقدہ 25 مئی 2004 کے فیصلہ (ضمیمہ الف) اور سپیشل پیکج کے حوالے سے سابقہ وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد کی ہدایت بسلسلہ مذکورہ فنڈ کے اخراجات بذریعہ پراجیکٹ کمیٹی (ضمیمہ ب) کے مطابق یہ متعلقہ ممبر صوبائی اسمبلی کی صوابدید پر تھا کہ وہ سکیم کو پراجیکٹ کمیٹی کے ذریعے کریں یا ٹینڈر کے ذریعے کریں۔

(iii) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مذکورہ کیمٹیاں بنانے کا اختیار دوسرے اضلاع کی طرح متعلقہ ممبر صوبائی اسمبلی کے پاس تھا۔ سپیشل پیکج کے تحت یہ اختیار سابقہ وزیر اعلیٰ کی طرف سے دیا گیا تھا جبکہ تعمیر سرحد پروگرام کے تحت پراجیکٹ کمیٹی کے طریقہ کار جو کہ سابقہ صوبائی کابینہ سے منظور شدہ تھا، میں درج ہے کہ "پراجیکٹ کمیٹی کی نامزدگی متعلقہ ممبر صوبائی اسمبلی کریگا"۔ مزید برآں مجوزہ تفصیلات جو ضلعی رابطہ آفیسر ڈیرہ اسماعیل خان سے موصول ہوئی ہیں، اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> شکریہ سر، آپ نے ہاؤس-----

<u>جناب سپیکر:</u> یہ مفتی کفایت اللہ صاحب سے کہیں۔

<u>مفتی سید جانان:</u> جناب سپیکر، زمونږه سوالونه پاتے شی نو دا خو زمونږه د ټولو فائده ده او که هغه سوالونه ختم شی نو-----

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> ختم نه دی جی، یکم تاریخ ته بیا شروع دی۔ یکم ته دی جی، دا پرون والا یکم ته دی کنه جی-----

<u>جناب سپیکر:</u> هغه ختم نه دی، هغه ختم شوی نه دی۔ هغه ډیفر شوی دی، وروستو به ئے کوؤ۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> یکم ته بیا دی جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> شکریہ جی۔ سر، اس سوال کے متعلق آنریبل منسٹر صاحب سے میری چند گزارشات ہیں۔ سر، یہ Basically گزشتہ حکومت میں پراجیکٹ کیمٹیوں کے ذریعے پیسوں کی بندر بانٹ کی گئی تھی، تقریباً کوئی ڈیڑھ ارب روپیہ تھا اور یہ سر، الیکشن کے ٹائم پر استعمال کئے گئے تھے، گورنمنٹ کے ٹریژری سے پیسے نکال کر دوبارہ لوگوں نے الیکشن لڑے تھے۔ اس میں سر، میں نے یہ

سوال کیاکہ آپ اندازہ کرلیں اس پر کئی لاکھ شاید خرچہ آیا ہو۔ میرا مقصد سر، یہ تھا کہ Transparency ensure ہو۔ اس میں سر، میرا ضمنی سوال یہ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اسرار اللہ خان، میرے خیال میں آپ پرانے، سینیئر ساتھی ہیں تو صرف کوئسچن نمبر آپ نوٹ کروائیں۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، تمہید اس وجہ سے باندھ رہا تھا کیونکہ اس کا سر، یہ دیکھیں، یہ کافی بڑا والیم ہے، اس میں سر، اگر آپ دیکھیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب اس پر کوئی، آپ oppose کرتے ہیں، اس میں اگر کوئی ابہام ہو تو آپ سپلیمنٹری کوئسچن لائیں گے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: میرا سر، سپلیمنٹری سوال اس میں یہ ہے کہ اس میں سر، انہوں نے لکھا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری پر آپ آجائیں، اگر آپ کو اس پر اعتراض ہے تو سپلیمنٹری پر آجائیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، جز (ج) کے (ii) میں یہ کہتے ہیں کہ یہ اختیار متعلقہ ممبر صوبائی اسمبلی کی صوابدید پر تھا کہ وہ سکیم کو پراجیکٹ کمیٹی کے ذریعے کریں یا ٹینڈر کے ذریعے، Agreed, Sir، اس میں سر، انہوں نے مجھے جو تفصیل فراہم کی ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: اس میں سر، ڈسٹرکٹ ناظم ڈی آئی خان نے پراجیکٹ کمیٹیاں بنائی ہیں، یعنی اختیار تھا ممبر صوبائی اسمبلی کے پاس لیکن ڈسٹرکٹ ناظم ڈی آئی خان اور اس کا پیج نمبر 61 پھر سر، پیج نمبر 57، اس میں بھی ڈسٹرکٹ ناظم ڈی آئی خان نے کمیٹی بنائی ہے، پھر سر، پیج نمبر 141، ڈسٹرکٹ ناظم ڈی آئی خان۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس پر Paging تو نہیں ہوئی ہے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: یہ اوپر لکھے ہوئے ہیں، اوپر دیکھیں جی، نمبر ایک، دوسری سر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا نیچے ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: عبدالاکبر خان! اس پر Paging ہے، اگر آپ صحیح طرح سے اسے غور سے ذرا دیکھیں کیونکہ کل کا سوال تو آپ نے غور سے دیکھا تھا، آج نہیں دیکھ رہے ہیں۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: دوسرا سر، اس میں میری گزارش یہ ہے کہ جو تعمیر سرحد کا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پیج نمبر کیا ہے؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: یہ مختلف میں نے بتادیئے ہیں سر، ایک 61 پر ہے۔۔۔۔

Mr. Speaker: Sixty one.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، 61، 57 اور 141 اور اس میں مختلف۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: اس میں تو یہ پیج نمبر نہیں ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: وہ اسلئے نہیں ہے کہ آپ دیکھ نہ سکیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، یہ یہاں اوپر سائڈ پر لکھا ہوا ہے پیج ان کا، رائٹ سائڈ پر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایک تو آپ نے ایسا کوسچن پوچھا ہے جس کیلئے بشیر بلور صاحب نے پورا دفتر اس کیلئے بھیجا ہے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: بالکل سر۔ دوسرا سر، میری گزارش یہ ہے کہ جو تعمیر سرحد کا انہوں نے یہاں پر ایک بروشر تقسیم کیا تھا جس میں اس کی گائیڈ لائن ہے کہ یہ آپ کی پازیٹیو لسٹ ہے، یہ نیگٹیو لسٹ ہے، اس میں سر، کہیں بھی یہ Nomenclature مجھے دکھائی نہیں دیتا کہ مختلف ترقیاتی سکیمیں، سر، مختلف ترقیاتی سکیمیں کیا ہوتی ہیں؟ مطلب ہے کہ آپ اس میں بجلی بھی ڈال سکتے ہیں، ہینڈ پمپ بھی ڈال سکتے ہیں، گلی کی بھرائی بھی ڈال سکتے ہیں، دوسرا اعتراض سر، اس میں یہ ہے اور تیسرا اعتراض سر، اس میں یہ ہے کہ جب اختیار ان کے پاس تھا ہی نہیں تو ڈی آئی خان میں کوئی پانچ کروڑ روپے الیکشن کے ٹائم پر نکلے ہیں، ڈسٹرکٹ ناظم صاحب نے اس کی بندر بانٹ کی ہے، ہمارے حلقوں میں استعمال ہوئے ہیں۔ میری سر، اس میں یہ گزارش ہے کہ اس کو کمیٹی کو ریفر کر دیں۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر، میں سپلیمنٹری پر بات کرنا چاہتی ہوں۔

Mr. Speaker: Only supplementary.

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب! صحافیان ورونړه ایوان ته راغلل او هغوی دا مطالبه کوی چه د هغه صحافی، چا چه بش په بوټ ویشتے دے، د رهایئی په سلسله کښے د قرارداد راوستے شی۔

جناب سپیکر: اودریږه چه دا سپلیمنټری اووائی۔ جی، یو منټ۔ نگہت بی بی کا مائیک آن کریں۔ سپلیمنٹری،شارٹ سپلیمنٹری۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ،ایک کوئسچن کرنا چاہتی ہوں۔جناب سپیکر صاحب،اس میں ابھی اسرار اللہ گنڈاپور صاحب نے بڑی وضاحت سے بات کی، میرا سپلیمنٹری کوئسچن اسی سے Related ہے چونکہ لوکل گورنمنٹ کے ساتھ اس کا تعلق ہے توانہوں نے کہا کہ اس کو متعلقہ کمیٹی کے حوالے کیا جائے تومتعلقہ کمیٹی کا چیئرمین تو Resign کرچکا ہے نامعلوم وجوہات کی وجہ سے اور لوکل گورنمنٹ کی سٹینڈنگ کمیٹی کا اجلاس ابھی تک نہیں ہوااور نہ منسٹر صاحب نے Interest لیا ہے کہ لوکل کمیٹی کے اجلاس کیلئے کوئی لوگ Appoint کئے جائیں تواس کیلئے بتائیں کہ یہ کس کمیٹی کوریفر ہوگا؟منسٹر صاحب تو اس میں Interest نہیں لیتے کہ اس کیلئے کوئی کمیٹی بھی ہو۔

جناب سپیکر: جی منسٹر لوکل گورنمنٹ پہلے جواب دے دیں اوراس کے بعد جی۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: سپیکر صاحب، دا صحافیان ملگری چه دوئ بهر ته تلی وو، اوس راغلل۔ د هغوی یو Genuine demand دے۔ یو خو هغوی دا وائی چه هغه قرارداد د پیش کړے شی او هغه خو خامخا مونږه پیش کوؤ، په دے وجه باندے هغوی (تالیاں) دیکښے مزید خبرے هم دی خو چه قرارداد پیش شی نو په هغے به خبرے کیږی۔ مونږه د هغوی مشکور یو چه هغوی زمونږه اومنل او دا زمونږه د ټولو شریک جذبات دی، احساسات دی چه په عراق کښے څه خبره شوے ده، دا بیله خبره ده چه هغه رها هم شو او معاف هم شو خو د هغه جذبه په خپل ځائے باندے ده خو دا زمونږه جذبه په خپل ځائے باندے ده چه د هغے جذباتو اظهار په دے فلور باندے پکار دے۔

جناب سپیکر: شکریه جی۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: د دے نه پس جی، زما یو خل رولنګ راغلے دے جی۔ منسټر لوکل ګورنمنټ۔

سید محمد صابر شاہ: محترم سپیکر صاحب،یہ قرارداد پیش ہونی چاہیئےاورآج اس پربات بھی ہونی چاہیئے۔

جناب سپیکر: اس پرجی کل پورا،سارادن بات ہوتی رہی ہے،آپ کو موقع دونگا۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، یہ بڑی اہم بات ہے اور یہ فلور پر آنی چاہیئے۔

جناب سپیکر: پیر صاحب! کوئسچنز آور کے بعد۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: اگر یہ قرارداد آ جائے تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بالکل آ جائیگی، کوئسچنز آور کے بعد آئیگی۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: ایک دفعہ رولنگ آ چکی ہے، بس بیٹھ جائیں جی۔ جی بشیر بلور صاحب، جواب دے دیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی): جناب سپیکر صاحب، څنگه چه گنډاپور صاحب خبره اوکړه، دا رښتیا خبره ده چه د الیکشن په ورځو کښې دغه شانتې کارونه شوی دی او تاسو اوګورئ، دا تقریباً .Hundred and some thing pages دی چه دا پوره د اسمبلۍ هر یو ممبر ته، ایک سو چوبیس کسانو ته دا Provide شوی دی 277 Pages۔ مونږه پوره ډیټیل، ډیپارټمنټ خپله پوره خواری کړې ده او د دوئ چه په کومه خبره باندې اعتراض دے، دا ټهیک خبره ده، قانون دا دے او زمونږه د اسمبلۍ فیصله هم دا ده چه ایم پی اے اختیار مند دے د کمیټی جوړولو، کوم فنډ چه ایم پی اے ته ملاویږی، د هغې فنډ ناظم حقدار نه دے چه هغه کمیټۍ جوړې کړی۔ د دوئ د کوئسچن خبره چه کومه ده، زۀ به انکوائری کوم، بیا به انشاء الله دوئ سره کښېنو او دا خبره به Settle کوؤ۔ بله دا نګهت اورکزئی صاحبه خبره اوکړله چه زما د کمیټۍ اجلاس نه دے غوښتے شوے نو دا زما کار نه دے، دا د لوکل ګورنمنټ د کمیټۍ چه کوم چیئرمین دے، دا د هغوی کار دے چه هغه دا راوغواړی، هغې کښې به مونږ، د کمیټۍ اجلاس همیشه چیئرمین راغواړی، زۀ خو نه راغواړم او د ګنډاپور صاحب چه کومه خبره ده، دا بالکل صحیح ده او دیکښې دا پیسې داسې شوی هم دی او د دے به انکوائری هم کوؤ او معلومات به کوؤ۔ نو انشاءالله بیا دوئ سره به کښېنو او دا خبره به Settle کوؤ۔ بل خبره دوئ دا اوکړله چه دا پیسې چه دی، هغه چه کومې لګیدلی دی، د هغه سکیمونو نومونه ئې نه دی ښودلی چه په کوم کوم سکیم باندې دا پیسې خرچ شوی دی۔ سپیکر صاحب، دا دو سو سټر پیپرز خو دا دی نو بیا دا

چه سکیمونه پکښې وې نو دا تقریباً، نګهت اورکزئی ته اووایئی چه خبرې د نه کوی۔
جناب سپیکر: پلیز، آپ خاموش ہو جائیں۔ جب ایک منسٹر صاحب جواب دے رہے ہیں تو آپ لوگ ذرا سیریس بیٹھیں۔
سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی): دا نګهت خبرې ډیرې کوی جی او آوری نه بیا۔ پکار ده چه خبره خو د آوری۔
جناب سپیکر: جی۔
سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی): سپیکر صاحب، دا Already دو سو ستتر پیپرې دی او که دا سکیمونه پکښې وې نو دا به پینځه سوه پیپرې نورې وې نو دوئ ته دا عرض کوم چه بالکل دا به مونږه انکوائری هم کوؤ، کښینو به دوئ سره او دا به معلومات کوؤ چه دا ولې؟ دا څنګه چه دوئ پوائنټ آوټ کړه چه دا ولې؟ د یو ناظم اختیار نه دې چه هغه کمیټی جوړوی او هغه ولې جوړې کړی دی او بل دا چه دا پیسې چرته خرچ شوی دی؟ هغه سکیمونه به دوئ ته یواځې زهٔ اوښایم انشاء الله، د دوئ تسلی به اوشی، ګنی بیا پینځه سوه پیپرې نورې به جوړول غواړی۔ نو زهٔ دا خواست کوم چه زما دا خبره د دوئ مهربانی اوکړی، Accept کړی او انشاء الله په دې باندې به ډسکشن اوکړو۔
Mr. Speaker: Okay, thank you. Question No. 72, Javid Abbasi Sahib…..
جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر، آپ میری بات تو پوری سن لیں جی۔۔۔۔۔
جناب سپیکر: اسرار خان، آپ ان کی ہر بات پر سر ہلاتے رہے، ہلاتے رہے، میں تو سمجھا کہ آپ Agree کر گئے۔
جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، مجھے سن تو لیں نا، میں ان کی ریکویسٹ کو آنر کرونگا۔ سر، اس میں بات یہ ہے کہ یہ 'نام منصوبہ' یہ پراجیکٹ کمیٹی کا جو ہے 'نام منصوبہ'، اس میں آپ کو سکیم کی ڈیٹیل نہیں دینی پڑتی لیکن اس میں آپ کو یہ لکھنا پڑتا ہے کہ میں یہ پیسے بھل صفائی پر دے رہا ہوں، میں یہ پیسے الیکٹر یفیکیشن کیلئے دے رہا ہوں یا گلی اور نالی کی تعمیر کیلئے۔ یہ سر، اس وجہ سے کیا گیا اور میں اس کی تفصیل میں اس وجہ سے جانا چاہتا ہوں کہ یہ الیکشن کیلئے یہ پیسے تھے کیونکہ ان کو یہ پتہ نہیں تھا کہ ووٹر کا ڈیمانڈ کیا

ہے؟ایک یونین کونسل میں ایک ہینڈ پمپ مانگتا ہے،ایک گلی کی بھرائی مانگتا ہے تووہ خود کنفیوژن کے شکار تھے۔انہوں نے اس کیلئے پھر یہ چیزDevice کی کہ مختلف ترقیاتی سکیمیں،اگر یہ 'ہیڈ' بن جائے پھر تو سر،یہ ہوگا کہ پانچ لاکھ میں میں کہونگا کہ آپ بجلی کے پول بھی دیں۔جب آپ کی ڈی ڈی سی ہوتی ہے، اس میں ایک ٹیکنیکل فورم ہے،وہ ٹیکنیکل فورم اس پر بحث کرتا ہے۔سر،ٹیکنیکل فورم میں اس قسم کاNomenclatureجب اس کے پازیٹیو لسٹ میں ہے ہی نہیں تو کس طریقے سے اس کی منظوری دی گئی؟اور دوسرا سر،حاجی صاحب نے جیسے کہا،اس میں سر،میری بھی یہی گزارش ہے کہ وہ خود تسلیم کررہے ہیں کہ اس میں ایسی غلطیاں ہیں۔ایک تو یہ ہے کہ ان کے پاس اختیار نہیں تھا،مطلب ہے کہ گورنمنٹ کو کروڑوں کا ایک ٹیکہ لگایا انہوں نے۔ممبر صوبائی اسمبلی نے کرنے تھے چونکہ 10اکتوبر کو اسمبلی Dissolve ہوگئی،پیسے پڑے ہوئے تھے اور کوئی طریقہ تھا نہیں،ڈسٹرکٹ ناظم کو آگے لے کر آئے،انہوں نے اس میں پراجیکٹ کمیٹیاں بنائیں۔سر،یہ پیسے ہمارے خلاف الیکشن میں استعمال ہوئے ہیں۔ اگر میں بطور نمائندہ اس چیز کا حساب نہیں لونگا تو کون لے گا سر؟اور میں نے صرف اپنے ضلع کا نہیں مانگا،میں نے ان سے پوچھا ہے کہ کن اضلاع میں یہ ڈیڑھ ارب روپیہ،مختلف اضلاع میں دیا گیا اور اس کی بندر بانٹ کی گئی اور سر،الیکشن کیلئے اگر گورنمنٹ کے پیسے اس طرح استعمال ہو تو کل امیر حیدر خان ہوتی بھی الیکشن کے موقع پر اس طریقہ کار کو لے آئیں۔تو میں سر،سمجھتا ہوں کہ مہربانی کرکے اس کو کمیٹی کے حوالے کریں۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب،جی بشیر بلور صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھہ: سر،ہمارے ہاں بھی ایسے واقعات ہوئے ہیں۔۔۔

سینئر وزیر(بلدیات و دیہی ترقی): جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: یو کوئسچن تۀ هم راوړه کنه بله ورځ۔ جی بسم اللہ۔

سینئر وزیر(بلدیات و دیہی ترقی): جناب سپیکر صاحب، دا گنډاپور صاحب چه کومه خبره اوکړه ما خو انکار نه دے کړے، ما خو دا اووئیل چه دا د خدائے فضل دے، خدائے ور باندے مهربانی کړے ده چه باوجود د هغه ډیړه ارب روپو دوئ واپس راغلی دی او خپل الیکشن ئے گټلے دے او په ترقیاتی کارونو کښے Irregularities شوی دی، د دے به زۀ تپوس کوم خو دا ده چه په ترقیاتی کارونو باندے چرته چا ووټ نه دے اغستے او نه چا گټلے ده۔ همیشه په پالیسو خلق گټی

او په پالیسو باندے ووہونه اخلی۔ نو زۀ دوئ ته دا خواست کوم چه دا مونږه پرے دومره خواری کړے ده نو د دوئ سره بیا به هم کبنینو، دوئ به Satisfy کوؤ او که چرته غلط کار شوے وی نو په هغے باندے ایکشن به هم اخلو۔ په فلور آف دی هاؤس دا Commitment ورسره کوم چه هر چا کړے وی، د هغوی خلاف به مونږه ایکشن اخلو او زۀ خواست کوم چه دا د مهربانی اوکړی او زما دا خبره د Accept کړی۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> سر، منسٹر صاحب کیوں اس کو کمیٹی میں جانے نہیں دیتے؟ جب میں نے حقیقت بیان کی ہے۔ اگر کمیٹی کو نہیں دیتے تو پھر اس کو ڈیفر کردیں یا ووٹنگ کرالیں۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی):</u> کمیٹی میں ریفر ہونے کی بات یہ ہے کہ وہ پھر کمزوری منسٹر کی ہوتی ہے کہ وہ Satisfy نہیں کرسکتا اور کمیٹی میں بات جاتی ہے۔ میں آپ سے Commitment کررہا ہوں کہ آپ کو Satisfy کرینگے اور پھر اگر آپ Satisfy نہ ہوئے تو میں Resign کردونگا بس۔

<u>جناب سپیکر:</u> بس ٹھیک، اس سے زیادہ اور نہیں ہونا چاہیئے۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> سر، آپ میری بات تو سن لیں۔

(شور)

<u>Mr. Speaker:</u> Jee Next Question.......

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> سر۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں آپ، بس دے، آپ کو اتنی بڑی تسلی مل گئی۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> سر، اگر آپ کمیٹی کو نہیں بھیجتے تو ووٹ کیلئے Put کرینگے۔ اگر ہاؤس نے کہہ دیا کہ ریفر کریں، پھر آپ کو ریفر کرنا پڑیگا یا پھر آپ Discretion استعمال کرکے اس کو Set aside کریں۔ پھر تو سر، یہ ہے کہ آپ Kill کررہے ہیں۔ میرا مقصد سر، یہ ہے کہ آپ پھر اس کو Pending رکھ دیں، Pending رکھ دیں، منسٹر صاحب In the meanwhile اس پر انکوائری کمیٹی بلا دیں کیونکہ مجھے تو آپ کے پاس آنا ہے۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی):</u> میں تو آپ سے ذاتی ریکویسٹ کررہا ہوں، گورنمنٹ کی طرف سے نہیں، ایسے بھائیوں کی طرح بات کررہا ہوں۔ اگر آپ ووٹ کروانا چاہتے ہیں تو بے شک کرائیں۔

ویسے میں آپ کو یہ بتاؤں کہ ووٹ کی ضرورت نہیں، میں جب آپ سے کہہ رہا ہوں کہ ہم آپ کی تسلی کرائیں گے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تو پھر سر، میری درخواست ہے کہ اس کو پینڈنگ رکھ لیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات ودیہی ترقی): چلیں پینڈنگ رکھتے ہیں تو، ٹھیک ہے جی پینڈنگ رکھ دیں۔

جناب سپیکر: چلیں جی پینڈنگ رکھتے ہیں۔ سینیئر منسٹر صاحب ان کی تسلی پھر کر لیں۔ جاوید عباسی صاحب۔

* 72۔ جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(ا) آیا یہ درست ہے کہ گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کا گزشتہ دو سالوں 2006 تا2008 کا بجٹ پیش نہیں کیا گیا ہے:

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ عرصے کے دوران گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے تحت کروڑوں روپوں کے ترقیاتی کام کئے گئے ہیں:

(ج) اگر (ا) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو جو ترقیاتی کام ہوئے ہیں، ان کی منظوری کس نے دی تھی: نیز جن لوگوں کے خلاف مقدمات درج کئے گئے ہیں، ان کے خلاف کیا کارروائی عمل میں لائی گئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات ودیہی ترقی)}: (الف) اس سلسلے میں گزارش ہے کہ گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے بجٹ کی منظوری ادارہ کے بورڈ آف اتھارٹی سے لی جاتی ہے جسے 2006-07 کیلئے بجٹ بورڈ آف اتھارٹی کے آئندہ منعقد ہونے والے اجلاس میں برائے منظوری پیش کر دیا جائیگا، جس کیلئے ایجنڈا تیار ہو رہا ہے۔

(ب) جی ہاں، جن کی منظوری باقاعدہ مجاز اتھارٹی سے لی گئی ہے۔ یہاں پر یہ وضاحت کرنا بھی ضروری ہے کہ بورڈ آف اتھارٹی نے ذیل اتھارٹیز کو مقرر کیا ہے تاکہ وہ ترقیاتی کاموں کی منظوری دیں۔ (تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ ہو)

(i) ڈائریکٹر جنرل چالیس لاکھ کی سکیم کی منظوری کا مجاز ہے۔

(ii) مالیاتی اور منصوبہ بندی کی کمیٹی جس کا سربراہ سیکرٹری بلدیات ہے، کو چالیس لاکھ اور اس سے زیادہ کی سکیموں کی منظوری کا اختیار حاصل ہے۔

(ج) جہاں تک ترقیاتی کاموں کی منظوری کا تعلق ہے، جز(ب) میں تفصیل بیان کی گئی ہے۔ نیز جی ڈی اے کے انجینیئر، سب انجینیئر و ٹھیکیدار کے خلاف انٹی کرپشن اسٹبلشمنٹ نے انسداد رشوت ستانی کے قانون کے تحت مقدمات درج کئے گئے ہیں۔ انجینیئر اور سب انجینئر کی ضمانتیں ہو چکی ہیں، کیسز عدالت میں زیر سماعت ہیں۔ تفصیل لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

جناب سپیکر: پہلے تو حج مبارک ہو۔ پتہ نہیں اس ہاؤس کیلئے دعا کی بھی ہو گی۔ جاوید عباسی صاحب کو حج کی مبارکباد دے دیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: بڑی دعا کی ہے سر، آپ کیلئے اور اس ہاؤس کیلئے بھی لیکن جب میں چھوڑ کے گیا تھا تو آپ میں بڑی نرمی تھی تو مجھے کسی نے کہا کہ آپ حج کر کے آئیں گے تو کہیں سخت نہ ہو جائیں۔ میں تو نرمی میں، آپ میں کہیں سختی مجھے نظر آ رہی ہے تو مہربانی کریں ہمارے ساتھ وہی رویہ رکھیں جو پہلے تھا جناب۔ جناب سپیکر، میں نے گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے بارے میں پوچھنا چاہا تھا لیکن جو ہمارے پاس جواب آیا، انہوں نے کہا ہے، میں نے پہلے یہ کہا تھا کہ اس کے بجٹ کی منظوری کب ہوئی ہے اور کتنا عرصہ ہوا ہے؟ جی جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اگر کوئی سپلیمینٹری کوئسچن ہے تو بسم اللہ کریں۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں سر، اس میں میں اسی کی طرف نشاندہی کر رہا ہوں کہ خود کہا گیا ہے کہ 14 مئی 2006 کو آخری دفعہ اس کی منظوری اس ادارے کے چیئرمین نے یا اتھارٹی نے دی ہے، ڈھائی سال اس کو ہو گئے ہیں، اس کی کوئی دوبارہ اگر میٹنگ نہیں ہوئی تو اس کی منظوری نہیں ہوئی اور اگر وہ کام ہوئے تو ان کا کیا Status ہے؟ کیونکہ ہونا چاہیئے تھا کہ ہر سال کا بجٹ پیش ہوتا اور اس کی منظوری ہوتی۔ جو ٹھیک کام ہوتے، ان کو آگے کیا جاتا۔ چونکہ بلور صاحب ابھی آئے ہیں ابھی پانچ چھ مہینے، ان سے پہلے میرا یہ سوال ہے کہ اتنا عرصہ اس کی منظوری کیوں نہیں دے دی گئی اور کس طرح کام ہوتا رہا ہے؟ دوسرا میں نے کہا ہے جناب، کہ اس میں کروڑوں اور اربوں روپوں کے کام جاری ہیں، یہاں انہوں کہا ہے جی کہ کام جاری ہے۔ میں دعوے سے کہہ رہا ہوں کہ ان سڑکوں کے جب ٹینڈر ہوئے تھے، اسی وقت جب Administrative approval ہوئی تھی تو پیسے ٹھیکیداروں کو دیے گئے اور موقع پر کوئی کام بالکل جاری نہیں تھا، نہ اب جاری ہے۔ جناب سپیکر، آپ ذرا سوال کے آخری جز(ج) کی طرف آئیں تو جواب

یہ آتا ہے کہ اتھارٹی کے سب انجینئر اور انجینئر کے خلاف انٹی کرپشن میں پرچے درج کئے گئے تھے، ان کی Bail ہو گئی اور مقدمات جاری ہیں۔ اگر اس اتھارٹی کے افسران کے خلاف انٹی کرپشن میں مقدمے درج کئے گئے تو اس کا مطلب ہے کہ وہاں انتہائی بڑے پیمانے پر کرپشن ہوئی ہے اور کرپشن کا یہ جواب جناب سپیکر، میرے لئے کافی نہیں ہے کہ ان کی ضمانتیں ہو گئی ہیں، ضمانتیں ایک دن ہونی تھی۔ میں اس سارے ہاؤس کو گواہ بنا کر کہہ رہا ہوں کہ گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی وہ اتھارٹی ہے جو یہاں لوکل ایکٹ کے نیچے Create کی گئی تھی، کروڑوں اور اربوں روپیہ کی کرپشن ہوئی ہے، کچھ ٹھیکیدار اور جو سکیمیں انہوں نے لگائی ہیں، ان کے میں نام بتا سکتا ہوں جن پر سرے سے کام شروع ہی نہیں ہوا۔ ستر ستر لاکھ اور اسی اسی لاکھ روپیہ ٹھیکیدار کے حوالے کر دیا گیا اور اس پر سرے سے کام شروع ہی نہیں ہوا۔ مجھے یقین ہے کہ بلور صاحب اس کو Oppose نہیں کریں گے اور ہمیں Facilitate کریں گے اور اس پر ایکشن لیں گے اور ہمیں بھی بتائیں گے اور اس کو کسی کمیٹی کو ریفر کرینگے اور فوری طور پر اس کی Popper طریقے سے Investigation ہو گی۔

<u>جناب سپیکر:</u> منسٹر لوکل گورنمنٹ، پلیز جواب دے دیں۔

<u>سینئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی):</u> جناب سپیکر صاحب، ڈیرہ مہربانی۔ سردار صاحب نے جو بات کی ہے کہ اربوں روپے کی کرپشن ہوئی ہے تو اربوں روپے تو گلیات کا بجٹ ہی نہیں ہے، ویسے اس کی آمدنی تو اربوں روپے کہاں سے آ گئے؟ ایک دوسری بات جو انہوں نے کہی ہے کہ جو آفیسر کرپٹ تھے تو آئینی طریقہ اور قانونی طریقہ یہ ہے کہ ان کے خلاف ایف آئی آر کاٹی گئی ہے، وہ جیل گئے ہیں، ان کی ضمانتیں ہوئی ہیں اور ان کے خلاف کیس ابھی تک Pending ہے۔ جب تک کیس عدالت میں ہے تو میں ان کے خلاف کیا کارروائی کروں؟ آپ بتائیں۔ تو یہ ویسے خالی بات کچھ، یہ ٹھیک ہے کہ وہاں بجٹ In time پاس ہونا چاہیئے مگر اس میں یہ ہے کہ چیف منسٹر صاحب گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے چیئرمین ہیں تو چیئرمین کی موجودگی میں وہ بجٹ پاس ہوتا ہے اور جو یہ کہتے ہیں کہ پیسے بغیر بجٹ کے خرچ ہوئے ہیں تو اس میں لکھا بھی ہے اور یہ ان کو بھی پتہ ہے کہ چالیس لاکھ روپے تک ڈائریکٹر جنرل کے پاس اختیار ہے اور پھر چالیس لاکھ روپے تک سیکرٹری بلدیات کو اختیار ہے، اب ان کو بھی پتہ ہے کہ کیا ہوا ہے اور مجھے بھی پتہ ہے کہ کیا ہوا ہے؟ مگر اس میں ہم نے، جیسا کہ میں نے ان سے عرض کیا کہ ان کے خلاف انٹی کرپشن میں

بھی کیس گیا ہے اور عدالت میں بھی ان کے خلاف کیس ہے اور انشاء اللہ مکمل ان کے خلاف تحقیقات بھی کریں گے اور ان کو کیفر کردار تک انشاء اللہ ضرور پہنچائیں گے۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، میں عرض کرنا چاہ رہا تھا۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ دوسرا سپلیمنٹری ہے؟

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، جیساکہ میں نے واضح کیا تھا کہ آپ کے آنے سے یہ کام نہیں ہوا، آپ اس کو اس طرح نہ لیں۔ یہ ٹینڈر آپ کے آنے سے پہلے ہوئے ہیں، آپ کے آنے سے پہلے Administrative Approval دی گئی ہے، آپ کی حکومت آنے سے پہلے یہ سارے معاملے ہوئے ہیں۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ آپ نے کہا ہے کہ کروڑوں روپوں کا نہیں ہوا، میں اس ہاؤس میں کہہ رہا ہوں کہ وہاں ایسے ایسے پلاٹ جن کی قیمتیں اب کروڑوں روپوں میں ہیں، لوگوں کو الاٹ کئے گئے ہیں اس صورت میں جو Illegal ہے، جس کا کیس ابھی جاری ہے۔ اگر ایک ایک کروڑ کو جمع کریں گے تو اربوں میں پہنچ جائیں گے۔

سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی): میں عرض کروں، یہ جو فرماتے ہیں، میں نے ان کے خلاف لوگوں کو بلایا ہے اور وہ کورٹ میں گئے۔ آپ کو بھی علم ہے سارا کہ جن کو پلاٹ دیئے گئے، وہ غیر قانونی دیئے گئے تھے۔ انہوں نے پیسے بھی جمع کروائے۔ جب ہم نے کینسل کیا تو سارے کورٹ میں گئے۔ اب کورٹ میں جب تک فیصلہ نہیں ہوگا تو ان کے خلاف میں ایکشن نہیں لے سکتا۔ دوسری بات یہ ہے کہ نتھیا گلی میں یہ جو Main ہماری جگہ ہے، وہاں تو انہوں نے ایسے کوکھے کی حیثیت سے دیئے، لوگوں کو بیس، بائیس، چالیس کے پلاٹ دیئے۔ اب جاکر دیکھا تو بازار میں اتنی Congestion ہے کہ انسان گزر نہیں سکتا۔ جو کچھ ناجائز ہوا ہے، اس کی ہم تحقیقات بھی کر رہے ہیں اور جیساکہ پہلے بھی میں نے عرض کیا کہ جن لوگوں نے کیا، ان کے خلاف کیسز رجسٹرڈ کئے گئے ہیں اور ان کے خلاف ایکشن بھی لیا جائیگا اور جو Already بن گئے ہیں تو وہاں تو میں یہی کر سکتا ہوں کہ میں نے سیکرٹری کو کہا ہوا ہے کہ ان سے بیٹھ کر جن لوگوں کو یہ جگہ دی گئی ہے، پہلے تو جاکر ان کے ساتھ بیٹھ کر پتہ کریں کہ جتنی ان کی جگہ تھی، اس سے زیادہ اگر انہوں نے یہاں بھی Encroachment کی ہے، ان کو گرائیں۔ اگر وہ گرائیں نہ تو کم از کم کمرشل لیز کے جو پیسے ہیں، وہ تو ان سے لیں اور اس کو کمرشل لیز کر کے دیں اور جہاں جہاں بھی زیادتی ہوئی ہے، ان کے خلاف، میں خود چونکہ وہاں جاتا ہوں اور میں نے خود یہ ساری چیزیں نوٹ کی ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: جاوید عباسی صاحب،آپ۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: ایک منٹ،ایک منٹ،وہ جگہ اگر کوکھے کیلئے دی گئی ہے اور اس پر اگر آج سات یا چھ منزلہ عمارت بنائی گئی ہے، بیس، تیس اور پچاس پچاس کمرے کی عمارت بنا کر ہوٹل اور دکانیں چلائی جارہی ہیں تو جناب، مجھے یقین ہے کہ بلور صاحب کہیں گے کہ یہ غیر قانونی کام ہوا ہے۔

سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی): میں تو اس کو غیر قانونی کہتا ہوں۔

جناب محمد جاوید عباسی: وہ جو کوکھے ہیں صرف ان کیلئے، نمبر 1، نمبر 2 سر، جو ٹینڈر، اس کو سر، آپ کمیٹی کے سپرد کریں۔

جناب سپیکر: کوئسچن پر اتنی لمبی چوڑی تقریر نہیں ہو سکتی۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: پیر صابر شاہ صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، مجھے تو بات مکمل کرنے دیں۔

جناب سپیکر: بعد میں میری چیمبر میں آجائیں، بشیر بلور صاحب بھی آجائیگا۔ جی پیر صاحب. پیر صابر شاہ صاحب کا مائیک آن کریں۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، یہ مسئلہ بڑا اہم ہے اور نتھیا گلی واحد ہمارے پاس مری کے مقابلے میں ایک ایسی جگہ ہے کہ جہاں پہ ٹورازم جو ہے، تمام صوبہ اس پہ Depend کر رہا ہے۔ ہماری بد بختی ہے جی، میں کسی ایک دور کو Blame نہیں کرتا لیکن اکثر جو بھی حکومت آتی ہے تو اس دوران ناجائز طریقے سے لوگوں کو پلاٹس وہاں پہ الاٹ کئے جاتے ہیں اور پھر اس کی جو Utilization ہے، تو اس سے پورے علاقے کا حسن متاثر ہوتا ہے جسے دیکھنے کیلئے لوگ نہ صرف کراچی، پورے پاکستان بلکہ باہر ممالک سے بھی لوگ یہاں آتے ہیں اور وہاں جس انداز اور جس بے دردی سے کنسٹرکشن ہوئی ہے کہ جب آپ وہاں جائیں گے تو بالکل اس کا نقشہ، اس کی حیثیت سب کچھ بدل گیا ہے، تو میں یہ گزارش کرتا ہوں جی کہ بجائے اس کے کہ اس میں ہم پڑیں، اس ہاؤس کی ایک کمیٹی بنائیں اور وہ کمیٹی اس علاقے میں جا کر دیکھے چونکہ یہ مسئلہ Subjudice ہے، اسی لئے میں کہتا ہوں کہ ہم اس وقت تک یہاں پہ بیٹھے رہیں، کم از کم ہمیں ہوم ورک کرنا چاہیئے، اس پہ ہمیں کام کرنا چاہیئے۔ ہاؤس کی کمیٹی بنائیں جو وزٹ کرے کہ کہاں کہاں پہ پلاٹس دیئے گئے ہیں؟ وہ خود جا کر دیکھے کہ وہاں پہ جو کنسٹرکشن ہوئی ہے، کیا وہ صحیح ہوئی ہے؟ اس پہ ایک جامع

رپورٹ آپ کے سامنے آئے تو جب بھی اس پہ فیصلہ ہو تو اس کے بعد ہم اس پوزیشن میں ہوں گے کہ ہم اس کے بارے میں کوئی فیصلہ کر سکیں۔

Mr. Speaker: Peer Sahib, thank you. Thank you very much.

ہمارے ایک وفاقی وزیر صاحب، جناب نجم الدین خان تشریف لائے ہیں، ہم سب ان کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ (تالیاں)

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، میں نے جو ریکویسٹ کی ہے، مجھے سمجھ نہیں آئی کہ اس کو آپ نے Reject کر دیا یا Accept کر دیا؟

جناب سپیکر: اس سے پہلے میری رولنگ آچکی ہے۔ جاوید عباسی صاحب، بشیر بلور صاحب اور آپ بھی اس میں شامل ہونگے، بعد میں چیمبر میں آئیں گے۔ اس میں جو بھی آپ کی رائے ہو گی، وہ چلے گی، شکریہ۔

سید محمد صابر شاہ: ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: جناب قلب حسن صاحب۔

* 90۔ سید قلب حسن: کیا وزیر بلدیات و دیہی ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(ا) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی میں خرد برد کے بارے میں انکوائری ہوئی ہے ;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ NATOVER لیزنگ کمپنی کو ایک کروڑ روپے کا قرضہ بھی دیا گیا ہے اور دوسرے اضلاع سے بھرتیاں بھی کی گئی ہیں ;

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ کرک ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کو ماہانہ ایک لاکھ روپے تنخواہ دی جاتی ہے اور مشینری کی مرمت پر لاکھوں روپے خرچ کئے گئے ہیں ;

(د) اگر (ا) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت نے متعلقہ لوگوں کے خلاف جو اقدامات کئے ہیں، ان کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے ؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی)}: (ا) اس سلسلے میں انکوائری کی جا رہی ہے۔

(ب) نہیں، NATOVER لیزنگ کمپنی کو ایک کروڑ کا قرضہ نہیں دیا گیا بلکہ برائے منافع کاری مجوزہ رقم کمپنی ہذا کے پاس جمع کرائی گئی۔ جہاں تک دوسرے اضلاع سے بھرتیوں کا تعلق ہے، اس سلسلے میں گزارش ہے کہ صرف ایک اہلکار مسمی فضل لطیف جس کا تعلق ضلع لکی مروت سے ہے، کو بطور نائب قاصد بھرتی کیا گیا ہے۔

(ج) یہ درست ہے کہ کرک ہاؤسنگ سکیم کو تنخواہ دی جاتی تھی، اب کرک ہاؤسنگ سکیم کو کوہاٹ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کوہاٹ سے یکم مئی 2008 سے علیحدہ کر دیا گیا ہے اور پچھلے دو ماہ، یعنی 30 اپریل 2008 کے بعد سے کے ڈی اے تنخواہ نہیں دے رہا۔ یہ درست نہیں ہے کہ کرک میں مشینری کی مرمت پر لاکھوں روپے خرچ کئے گئے ہیں۔

(د) جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ مجاز حاکم کی منظوری کے بعد متعلقہ افراد کے خلاف انکوائری کی جارہی ہے، جس کی رپورٹ آنے کے بعد مزید کاروائی کی جائے گی۔ جہاں تک نائب قاصد کی بھرتی کا تعلق ہے، اس کو پراجیکٹ ڈائریکٹر نے بھرتی کیا تھا۔

سید قلب حسن: شکریہ، جناب سپیکر۔ سر، اس میں جو سپلیمنٹری ہے۔۔۔۔

Mr. Speaker: Any supplementary question?

سید قلب حسن: بالکل ہے، سر۔

جناب سپیکر: وہ سنادیں۔

سید قلب حسن: سر، کوہاٹ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی نے NATOVER جو ایک پرائیویٹ کمپنی ہے، کو پیسے دیئے تھے اور اس پہ میں نے انکوائری کیلئے اینٹی کرپشن میں درخواست دی تھی۔ تقریباً دو سال ہو گئے ہیں، ایک تو اس کا رزلٹ ابھی تک نہیں آیا، دوسرا کوئسچن یہ ہے کہ اگر آپ جز (ب) دیکھیں کہ اس میں ایک کلاس فور کی بھرتی لکی مروت سے انہوں نے کی ہے، اس کے بارے میں انہوں نے کیا کیا ہوا ہے؟ اور تیسرا سر، یہ پہلی دفعہ میرے خیال میں کسی ضلع میں نہیں ہوا ہوگا کہ ایک اتھارٹی کو تنخواہ دوسری اتھارٹی سے دی گئی ہو۔ کوہاٹ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی سے کرک ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کو تقریباً دو تین سال سے یہ تنخواہ دیتے تھے، اس کا کوئی قانونی جواز ہے کہ مجھے بتائیں؟

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب، یہ مہربانی کریں گے آپ کہ چونکہ کوئسچنز آور صرف ایک گھنٹہ ہوتا ہے اور بہت سے معزز ممبران کے کوئسچنز Pending پڑتے جارہے ہیں تو Kindly اس کو جتنا مختصر کر سکتے ہیں تاکہ آپ کے دوسرے بھائیوں کی بھی حق تلفی نہ ہو، شکریہ۔ جی بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی): جناب سپیکر صاحب، زۀ د دوئ شکر گزار یمه چه دوئ دا خبره اوکړله. زۀ دوئ ته دا عرض کوم چه دا هلته کوهاټ ډیویلپمنټ اتهارټی ډائریکټر صاحب وو، هغه یو کروړ روپئ یو لیزنګ کمپنئی ته ورکړے وے په Interest باندے. ښنګه چه تاسو ته علم دے چه دا زمونږ چه کوم اتهارټیز

دی، هغوی ټول خپلے پیسے ځان له پخپله پیدا کوی، وسائل پخپله دوئ Generate کوی نو په دے وجه باندے دوئ یو کروړ روپئ ورکړے وے دے Leasing company ته او هغوی نه بیس لاکھ روپئ Recover شوے دی او باقی اسی لاکھ روپئ هغے کمپنئی ته پاتے دی او تقریباً زما خیال دے چه هغه کمپنی اوسه پورے دیوالیه Declare کړے خو نه ده خو زما خیال دے چه او به ئے کړی۔ هغه چه کوم ډائریکټر صاحب وو، اینتی کرپشن کبنے د هغه خلاف کیس تلے دے جی او هغه اینتی کرپشن رپورټ چه راشی، د هغه خلاف به سخت نه سخت ایکشن حکومت اخلی او آن دی فلور آف دی هاؤس دا وایم چه هغوی نه به انشاء الله مونږه Recover کوؤ دا پیسے۔ ولے چه دا د حکومت پیسے دی، د عوامو پیسے دی، دا به خامخا Recover کوؤ۔ بل د کلاس فور خبره دوئ اوکړه نو یو کلاس فور دے عاجز، اوس دا سے خو ظلم پکار نه دے چه یو سړے تقریباً درے څلور کاله مخکبنے کلاس فور بهرتی شوے دے او هغه ته اوس زهٔ وایم چه دے د لکی مروت دے۔ که د هر ځائے چه دے خو انسان خو دے کنه نو په دے وجه باندے زهٔ ریکویسټ کوم چه خیر دے دا کلاس فور د وی۔ دریمه خبره دوئ دا اوکړه چه د کوهاټ ډیویلپمنټ اتهارټی نه دا پیسے کرک ډیویلپمنټ اتهارټی ته ولے ملاویدے؟ او دا جواب کبنے مونږ لیکلی دی چه دا دوه میاشتے اوشوے چه *اس کو یکم مئی 2008 سے علیحدہ کر دیا گیا ہے* او مخکبنے کوهاټ ډیویلپمنټ اتهارټی او کے ډی اے (کرک)، دا د یو اتهارټی په طور به دوئ زما خیال دے استعمالول چه دا ئے جواب کبنے لیکلی دی چه مونږ دا اوس *یکم مئی 2008 سے علیحدہ کر دیا ہے*، نو دا اوس زمونږ حکومت چه راغلو، مخکبنے به کیدو، انشاء الله زمونږ راتلو سره هغه مونږ بیل کړل، اوس کوهاټ ډیویلپمنټ اتهارټی تنخواه پخپله اخلی او کرک ډیویلپمنټ اتهارټی والا خپله تنخواه پخپله اخلی۔ کوهاټ ډیویلپمنټ اتهارټی نه به دا پیسے اوس نه ورکړلے کیږی۔

جناب سپیکر: جی عتیق الرحمن صاحب۔

* 130۔ *جناب عتیق الرحمان:* کیا وزیر بلدیات و دیہی ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(ا) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہنگو میں کیمونٹی انفراسٹرکچر پراجیکٹ (سی آئی پی) نے کروڑوں روپے تحصیل ناظمین کو مہیا کئے ہیں;

(ب) آیا یہ درست ہے کہ سی آئی پی کی سکیموں کیلئے تعمیر سرحد پروگرام سے ایم پی ایز کے حصے کی رقم میں نے فراہم کی تھی;

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ تحصیل ناظمین کی غیر تسلی بخش کارکردگی کی وجہ سے سی آئی پی کے تحت جاری سکیمیں بند کی گئی تھیں جبکہ بعد میں محکمہ اور ڈی سی او کی ملی بھگت سے مذکورہ سکیمیں دوبارہ شروع کی گئیں;

(د) اگر (ا) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ہر ایک سیٹیزن کیمونٹی بورڈ (سی سی بی) کیلئے مختص فنڈ اور کام کی تفصیل علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائیں؟

جناب بشیر احمد بلور: {سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی)}: (ا) جی ہاں، کیمونٹی انفراسٹرکچر پراجیکٹ (سی آئی پی) نے تحصیل ہنگو کو تحصیل کونسل ہنگو کے ذریعے 38.900 ملین روپے ترقیاتی کاموں کیلئے منظور کئے ہیں۔

(ب) جی ہاں، ٹی ایم اے ہنگو میں جو سی سی بیز (سی آئی پی II) کیلئے منظور ہوئے ہیں، وہ سارے ڈسٹرکٹ ناظم ہنگو غنی الرحمن اور معزز رکن عتیق الرحمن کی سفارش پر تحصیل کونسل ہنگو نے منظور کئے ہیں جس کیلئے معزز رکن نے تعمیر سرحد پروگرام سے مبلغ بیس لاکھ روپے بحوالہ چیک نمبر 669126 مورخہ 17 مئی 2006 اور مبلغ چار لاکھ روپے بحوالہ چٹھی نمبر 2162 مورخہ 05 اپریل 2007 ٹی ایم اے کی دس فیصد شیئر کیلئے جمع کئے ہیں۔

(ج) ڈسٹرکٹ ناظم ہنگو، غنی الرحمن اور تحصیل کونسل ہنگو کے درمیان اختلافات پیدا ہوئے جس کی وجہ سے ڈسٹرکٹ ناظم ہنگو نے سی آئی پی II کی جاری سکیموں پر اعتراضات کئے اور بحیثیت ڈسٹرکٹ ناظم ان جاری سکیموں پر کام بند کیا۔ ڈسٹرکٹ ناظم ہنگو کی شکایت پر سیکرٹری ایل سی بی اور ڈائریکٹر جنرل سی آئی پی کے علیحدہ علیحدہ انکوائری کے بعد جب کام تسلی بخش قرار دیا گیا تو ڈی سی او ہنگو نے سی ائی پی II کے جاری سکیموں پر دوبارہ کام شروع کیا۔

(د) تحصیل ہنگو میں کیمونٹی انفراسٹرکچر پراجیکٹ (سی آئی پی) نے جن سی سی بیز میں ترقیاتی کام شروع کئے ہیں، ان کی تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

جناب عتیق الرحمان: ضمنی سوال ہے۔ یہاں پہ ان لوگوں نے (الف) کے جواب میں لکھا ہوا ہے کہ اڑتیس ملین روپے ترقیاتی کاموں کیلئے منظور کئے گئے ہیں، او جناب سپیکر صاحب، چه دا کوم لسټ ئے رالیږلے دے، دا د بیالیس ملین روپو دے نو دا دومره بنه خلق شو چه دوئ ته گورنمنټ اړتیس ملین ورکوی او دوئ کار د بیالیس ملین کوی خو د دے مطلب دا دے چه دیکښے ټولے گھپلے شوے دی او هسے یو ډرامه غوندے ئے جوړه کړے وی۔

جناب سپیکر: جناب منسٹر لوکل گورنمنٹ پلیز۔

سینئیر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی): سپیکر صاحب، دوئ چه کومه خبره اوکړه او دا ما سره چه کوم ډیټیل دے، هغه دا دے چه اړتیس ملین، اړتیس اعشاریه نو ملین چه دی، دا منظور شوے وے او دا د دوئ والد صاحب، زمونږ ورور غنی الرحمان خان هغه وخت کښے ناظم وو او د هغوی د پیسو چیکونه هم، د دوئ هغه 20% ورکولے کیږی سی آئی پی فنډز ته، دوئ هم چیکونه ورکړی دی خو هغے نه پس دوئ دا کار بند کړے وو چه یره دا کار صحیح نه دے، دا غلط شوے دے او دیکښے دا Embezzlement شوے دے۔ د هغے پس ډائریکټر جنرل سی آئی پی تلے دے، هغه انکوئری کړے ده او بیا د انکوئری نه پس هغوی دا اووئیل چه دا کارونه ټھیک دی۔ چه کوم ځائے کمے وو، هغوی باندے ئے ټھیک کړی دی۔ هغے نه پس بیا دا کارونه روان شوی دی او دا دوئ چه کومه د پیسو خبره اوکړه، دا ریښتیا وائی چه دا څنگه کیدے شی چه سینکشن د اړتیس کروړ، اړتیس ملین دے او ترالیس ملین څنگه خرچ کیدے شی؟ د دے به پته اوکړو نو بیا به تاسو سره خبره اوکړو۔

جناب سپیکر: جی سید قلب حسن صاحب۔

(قطع کلامیاں / شور)

جناب سپیکر: سید قلب حسن صاحب۔ کوئسچنز آور کے بعد سب کچھ چلے گا، ابھی بیٹھ جائیں سب۔

سید قلب حسن: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر، یو ضمنی سوال دے جی، یو وړه غوندے خبره ده۔

جناب سپیکر: اوس مے فلور هغه ته ورکړے دے۔ 'کوئسچنز آور' ډیر لږ پاتے دے او ډیر کوئسچنز پاتے دی نو مخکښے به د وئیلی وو جی۔ چه منسټر جواب ورکړی، هغے نه پس بیا نه دے پکار۔ جی قلب حسن صاحب۔

* 141۔ سید قلب حسن: کیاوزیر بلدیات ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(ا) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ سرحد میں کمیونٹی انفراسٹرکچر پراجیکٹ (سی آئی پی) کے تحت دیہی علاقوں میں ترقیاتی کام ہورہے ہیں؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ بعض سیٹیزن کمیونٹی بورڈ (سی سی بی) میں چالیس لاکھ روپے سے زیادہ کے کام کئے گئے ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ جن سیٹیزن کمیونٹی بورڈز (سی سی بی) نے پانچ فیصد کمیشن ادا کیا ہے، ان کا فنڈ بڑھادیا گیا ہے اور جن سی سی بیز نے پانچ فیصد کمیشن ادا نہیں کیا ان کا کام رکا ہوا ہے؛

(د) اگر (ا) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو گزشتہ چار سالوں میں کمیونٹی انفراسٹرکچر پراجیکٹ (سی آئی پی) نے ضلع کوہاٹ میں جن سیٹیزن کمیونٹی بورڈز (سی سی بی) کے ذریعے کام کئے ہیں، ان کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب بشیر احمد بلور: {سینیئر وزیر (بلدیات ودیہی ترقی)}: (ا) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، جن سی سی بیز میں گھرانوں کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہیں، وہاں ترقیاتی کام بھی زیادہ درکار ہوتے ہیں تو وہاں پر سی سی بی تحصیل کونسل میں پی سی ون کو Revise کرنے کیلئے قرارداد جمع کرتی ہے۔ تحصیل کونسل کی سفارش پر اس سی سی بی کے پی سی ون کو Revise کرکے فنڈ بڑھادیا جاتا ہے۔

(ج) پانچ فیصد کمیشن کی ادائیگی کی بات درست نہیں۔ جہاں تک فنڈ بڑھانے کا تعلق ہے، اس سلسلے میں گزارش ہے کہ جن سی سی بیز نے تحصیل کونسل کوہاٹ میں پی سی ون کو Revise کرنے کیلئے قرارداد جمع کی ہے اور کونسل نے اس کو Recommend کیا ہے، ان کا فنڈ بڑھایا گیا ہے۔ ضلع کوہاٹ میں تین سی سی بیز نے پی سی ون کو Revise کرنے کیلئے قرارداد جمع کی ہے اور کونسل کی سفارش پر اس کا فنڈ بڑھایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ کسی اور سی سی بی نے فنڈ بڑھانے کیلئے قرارداد جمع نہیں کی اور کونسل نے Recommend نہیں کیا، اسلئے فنڈ بھی نہیں بڑھایا گیا۔

(د) ضلع کوہاٹ میں کمیونٹی انفرا سٹرکچر پراجیکٹ (سی آئی پی) نے جن سی سی بیز میں ترقیاتی کام شروع کئے ہیں،ان کی تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

سید قلب حسن: جناب سپیکر، ہمارے کوئسچن کا جو مقصد ہوتا ہے، یہ جو کوئسچن ہم کرتے ہیں، یہ کوئی ہوائی کوئسچن ہم نہیں کرتے۔ میں نے-----

جناب سپیکر: دوسرا ضمنی کوئسچن ہے اس میں؟

سید قلب حسن: سر، اس میں میرا ضمنی کوئسچن یہ ہے-----

جناب سپیکر: جی بتادیں۔

سید قلب حسن: سر، میں نے اس میں کوئسچن کیا ہے کہ اس میں ڈائریکٹر صاحب اور وہاں ڈیپارٹمنٹ کے جو لوگ تھے، وہ پانچ پرسنٹ کیش کمیشن مانگتے تھے، میں نے سی سی بی میں ان کو کمیشن نہیں دیا جو میرے واقف کار تھے، ان کی سی سی بی وہاں پر رک گئی ہے اور جنہوں نے کمیشن دیا ہے، ان کی سی سی بی ہو گئی ہے۔ اب یہ کہتے ہیں کہ جی ہم نے کمیشن نہیں مانگا ہے تو اس کا پھر کیا جواب ہو سکتا ہے؟

Mr. Speaker: Any other supplementary question…..

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: اسی پر ہے؟

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: بس بیٹھ جائیں جی پھر۔ جی بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی): سپیکر صاحب، ما ته چه کوم جواب راغلے دے ، هغه دا وائی چه----

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: ابھی میں نے ان کو فلور دے دیا۔ پہلے میں نے پوچھا بھی آپ لوگوں سے-----

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: Concerned, جو بزنس ہو رہی ہے، اسی سے Related آپ کوئسچن پوچھیں گے۔

سینیئر وزیر (بلدیات و دیہی ترقی): همیشه جی، سی سی بی دا سے ده چه لوکل کونسل، د دوئ تحصیل کونسل هغه Approve کوی، هغه خپل 10% ورکوی نو د هغے نه پس هغه سی سی بی کار کوی۔ د دوئ دا چه کوم درے سی سی بیز ته چه

Extension ملاؤ شوے دے ، هغه کونسل پاس کړے دے ، لیږلے دے نو هغے ته Extension ملاؤ شوے دے۔ دوئ ته پکار دا وو چه د هغه کونسل نه به ئے پاس کړے وو چه د دوئ سی سی بی نه دے شوے ، هغه دا چه کوم ما ته لیکلی راغلی دی ، هغے کښے دا لیکی چه "سی سی بی کی سفارش پر فنڈ بڑھایا گیا ہے،اس کے علاوہ کسی اور سی سی بی نے فنڈ بڑھانے کی قرارداد جمع ہی نہیں کرائی" نو په دے وجه باندے دا به پاتے شوے وی او که دوئ جمع کړے وی او هغوی پاس کړے نه وی، د هغے به بیا مونږه تپوس او کړو چه ولے تاسو نه دے کړے ؟

جناب سپیکر: څه شوی دی؟ قلب حسن صاحب، تاسو جمع کړے وو دغه؟

سید قلب حسن: جناب سپیکر صاحب، دا یو هوائی کهانی هلته کښے جوړوی هغه خلق، هغه ډیپارټمنټ والا۔ ما چه کومه خبره اوکړه، دیکښے زۀ غلط بیانی نه کومه۔ صرف دا کوئسچن ما د دے د پاره کړے دے چه د منسټر صاحب په نوټس کښے وی ولے چه اوس به بیا دغه پراسس کیږی چه د داسے خلقو لاره هغوی بند کړی۔ بس صرف دا مقصد مے وو نور خو کوم شے هغوی-----

Mr. Speaker: Thank you, thank you. Ji, Muhammad Anwar Khan, please Question No.?

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب، کوئسچن نمبر 222۔

جناب سپیکر: ہاں جی؟

Mr. Muhammad Anwar Khan Adovcate: 222.

Mr. Speaker: Question No. 222.

* 222 ۔جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(ا) گورنمنٹ ڈگری کالج دیر بالا میں کلاس وائز اور سبجیکٹ وائز طلباء کی تعداد کتنی ہے؛

(ب) مذکورہ کالج میں موجودہ اساتذہ کی تعداد کتنی ہے، نیز منظور شدہ پوسٹوں کی تعداد کتنی ہے؛

(ج مذکورہ کالج میں کتنی پوسٹیں خالی ہیں؛

(د) آیا یہ درست ہے کہ ڈگری کالج دیر بالا میں اساتذہ نہ ہونے کی وجہ سے طلباء کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے؛

(ہ) اگر (د) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت کب تک ڈگری کالج دیر بالا میں سٹاف پورا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (ا) گورنمنٹ ڈگری کالج دیر بالا میں کلاس وائز اور سبجیکٹ وائز طلباء کی تعداد درجہ ذیل ہے:

کلاس	پری میڈیکل	پری انجینیئرنگ	کمپیوٹر سائنس	آرٹس	سائنس	میزان
سال اول	89	65	46	148	---	348
سال دوم	68	44	35	146	---	293
سال سوم	---	---	17	120	35	172
سال چہارم	---	---	14	50	24	88

(ب) مذکورہ کالج میں منظور شدہ پوسٹوں کی کل تعداد ستائیس ہے جبکہ اٹھارہ اساتذہ کام کر رہے ہیں۔

(ج) مذکورہ کالج میں خالی پوسٹوں کی کل تعداد نو ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	خالی اسامی	بنیادی شرح تنخواہ	تعداد
1	ایسوسی ایٹ پروفیسر	19	چار
2	اسسٹنٹ پروفیسر	18	تین
3	لیکچرر	17	دو
	ٹوٹل		نو

(د) مذکورہ کالج میں اس وقت بیشتر پوسٹوں پر اساتذہ کام کر رہے ہیں، تاہم طلباء کی تعلیمی حالت کو مد نظر رکھتے ہوئے ناظم اعلیٰ تعلیم کے حکم پر کالج کے پرائیویٹ فنڈز سے مضامین میں اساتذہ بھرتی کر لئے گئے ہیں، جن کے نام درج ذیل ہیں:

نمبر شمار	نام	مضمون
1	گل احمد	تاریخ
2	ساجد غنی	اردو
3	اسداللہ	قانون

(ہ) پرنسپل کی خالی آسامی (بی۔پی۔ایس 19) پر تعیناتی کی تجویز صوبائی حکومت کے زیر غور ہے جبکہ (بی۔پی۔ایس 18) کی خالی آسامیاں عنقریب پروموشن کے ذریعے پر کر دی جائیں گی۔ اسی طرح (بی۔پی۔ایس 17) کی خالی آسامیاں پبلک سروس کمیشن صوبہ سرحد کے منتخب امیدواروں یا کنٹریکٹ لیکچرارز کے ذریعے پر کی جارہی ہیں۔

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب، ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: کوئی ضمنی کوسچن ہے؟

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: یو ضمنی پکښے شته دے ، سر۔

جناب سپیکر: جی پلیز۔

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: سر، زمونږ دیر اپر چه کوم دے ، دا واحد ضلع ده چه په دیکښے یو ډگری کالج دے او هغے کښے سټاف تر اوسه پورے نشته دے جی۔ ما خو پرے چه کوم کوئسچن کړے وو، دوئ خو د هلاکانو تفصیل ما له پوره راکړے دے لیکن په هغے کښے ټوټل کوم خالی پوسټونه چه دی جی، ټوټل ستائیس دی او دوئ پکښے لیکلی دی چه اتهاره کسان هلته کار کوی، بیا ئے لیکلی دی چه دیکښے مونږه جی په کنټریکټ باندے کسان اغستی دی او په هغے کښے-----

جناب سپیکر: انور خان پلیز، یو سیکنډ کښینئی تا سو۔ مسرت شفیع بی بی، مسرت شفیع بی بی، کوئسچن نمبر؟

Ms. Musarrat Shafi Advocate: Question No 158.
Mr. Speaker: 158, Ji.

* 158 ۔ محترمہ مسرت شفیع ایڈوکیٹ: کیا وزیر بلدیات ودیہی ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(ا) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ میں تمام ٹیوب ویلز تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن اور کوہاٹ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے زیر نگرانی کام کر رہے ہیں؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ فنڈز، وسائل اور سٹاف کی موجودگی کے باوجود متعلقہ محکمہ اپنا کام بخوبی سرانجام نہیں دے رہا ہے؛

(ج) آیا یہ درست ہے کہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کے اکثر ملازمین اپنے اور دوسرے محکموں کے سربراہان کے گھروں میں ذاتی ملازمین کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں؛

(د) آیا یہ درست ہے کہ صفائی کے عملے کو تنخواہ بروقت ادا نہیں کی جاتی؛

(ہ) آیا یہ بھی درست ہے کہ کوہاٹ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی میں پراجیکٹ ڈائریکٹر کی آسامی کئی سالوں سے خالی پڑی ہے؛

(و) آیا یہ بھی درست ہے کہ پچھلے تین مہینوں سے کوہاٹ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے مکینوں کو پینے کے پانی کی فراہمی کا مسئلہ درپیش ہے؛

(ز) اگر (ا) تا (و) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت کوہاٹ میں پینے کے پانی کا مسئلہ حل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

